خبر منظر



جولائی ۲۲ کو مکمل سورج گرہن دیکھنے کیلئے جن سائنس دانوں کو پٹنہ، بہار لایا گیا تھا ان میں کیلی فورنیا میں ناسا کی جیٹ پروپلشن لیباریٹری کے ہندوستانی امریکی سینئر انجینئر سندیپ داس گپتا شامل تھے۔ ان کی میزبانی نئی دہلی کی سائنس کو مقبول بنانے کیلئے مواصلات کاروں اور ماہرین تعلیم کی انجمن (اسپیس) نے کی تھی۔

ممبئی میں نہرو تارامنڈل کے ڈائرکٹر پیوش پانڈے اور ان کی ٹیم نے اتر پردیش میں وارانسی کے قریب رابرٹس گنج سے مکمل سورج گرہن دیکھنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے گرہن کی یہ تصویر بھیجی ہے۔

انٹرنیشنل اٹر آف اسٹرانومی http://www.iucaa.ernet.in

نہرو پلانیٹیریم http://www.nehru-centre.org

چندو گرسیکر

چنئی قونصل خانہ اور ہند امریکہ ایوان تجارت نے پڈوچیری میں کوئز کا ایک مقابلہ کیا جس میں اصل توجہ امریکہ کی تاریخ، جغرافیہ، معاشرہ، شخصیات، انتخابات، حکومت، ثقافت اور حالات حاضرہ پر مرکوز کی گئی۔ ۲۲ ہائی اسکولوں نے اس مقابلہ جاتی پروگرام میں حصہ لیا۔ جیتنے والی تینوں ٹیموں کو آئی پوڈ، پین ڈرائیو، گھڑیاں، لغات اور اسناد سے نوازا گیا۔ (بائیں سے) سینٹ جوزف آف کلانی گرلس ہائی اسکول کے دوسرا مقام حاصل کرنے والے جی وولین سنتھیا اور بی سندھو ریندر، ڈائرکٹر آف ایجوکیشن پڈوچیری، ایس سندروڈی ویلو اور راگنی گپتا، امریکی افسر برائے ثقافتی امور سے ٹرافی حاصل کرتے ہوئے۔

ہند امریکہ چیمبر آف کامرس http://www.iaccindia.com/guidanceasst.htm

چنئی میں امریکی قونصل خانہ http://chennai.usconsulate.gov/

اگست ۱۷ کو امریکی فضائیہ کے دو ایف/اے۔ ۱۸ سپر ہورنٹ طیاروں نے بنگلور کے آسمانوں پر اپنے کمالات کا مظاہرہ کیا۔ ان طیاروں کو بنانے والی کمپنی بوئنگ ان کو فروخت کرنے کیلئے ہندوستانی ائر فورس کے ساتھ سودا کرنے کی کوششوں میں ہے۔ پرواز کی آزمائش کیلئے ان طیاروں نے دو چکر کاٹے۔

سپر ہورنٹ
http://www.boeing.com/defense-space/military/fa18ef/index.htm

جیٹ دوران پرواز
http://www.youtube.com/watch?v=smMeCiolLg0

بنگلور بوئنگ

ہیمنت بوشنگر

امریکی سفارت خانہ اور موشن پکچر ڈسٹرکٹ ایسوسی ایشن (انڈیا) پرائیویٹ لمیٹیڈ، موشن پکچر ایسوسی ایشن آف امریکہ کی ہندوستانی شاخ نے اتفاق کیا ہے کہ وہ ہر سال ۶ سے ۱۲ نئی امریکن فلم کی امریکن سینٹر، نئی دہلی میں نمائش کریں گے۔ اس پارٹنرشپ کا اعلان ایم پی پی اے کے سی ای او اور چیئرمین ڈان گلک مین کے اعزاز میں امریکی سفیر برائے ہند ٹموتھی جے۔ رومر کی جانب سے روز ویلٹ ہاؤس میں ستمبر ۸ کو دیئے گئے ایک استقبالیہ میں کیا گیا۔ زیر نظر تصویر میں ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی آف انڈیا کے چیئرمین ڈاکٹر جے ایس شرما (بائیں) اور ڈان گلک مین کو محو گفتگو دیکھا جا سکتا ہے۔

یونیورسٹی آف ایلی نوائے میں لینڈ اسکیپ آرکی ٹیکچر کے شعبہ کی ایک پروفیسر ایتا سنہا (بائیں) نے سینئر فل برائٹ محقق کی حیثیت سے حال ہی میں ہندوستانی قومی ٹرسٹ برائے آرٹ و صنعتی ورثہ جات سے ملحق قدرتی، ثقافتی اور صنعتی ورثہ کے مقامات کی دستاویز بندی کیلئے نئی دہلی، اتر پردیش اور جھارکھنڈ کے دورے کئے۔ مئی میں سنہا، یو ایس آئی ای ایف کے ڈائریکٹر آدم گروزسکی، نئی دہلی کی وزیر اعلیٰ شیلا دکشت، ان ٹیک کے چیئرمین ایس کے مشرا جمناندی پر کتاب کا اجراء کرتے ہوئے۔ http://www.usief.org.in/